# 27-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ مائیکرو اسمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزس ایم ایس ایم ای کے مضبوط ایکو سسٹم کی ضرورت ہے۔تاکہ ملک کی پائیدار اقتصادی ترقی ہوسکے۔

۲۔ریاستی وزیر محنت و روزگار رویویک وینکٹا سوامی نے کہا کہ حکومت یومیہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے بہترین پالیسی لائے گی۔

۳۔بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر زور دیا کہ وہ کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ پر جھوٹے بیانیہ سے کام لینے کے بجائے موجودہ آبپاشی پراجکٹس کی دیکھ ریکھ پر توجہ مرکوز کریں۔

۴۔ریاست کے مختلف اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بھاری بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

ORR:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کل آؤٹر رنگ روڈ کو، کونڈا پور سے جوڑنے والے نئے تعمیر شدہ پی جے آر فلائی اوور کا افتتاح کریں گے۔ اس فلائی اوور کے شروع ہونے سے توقع کی جارہی ہے کہ گچی باؤلی جنکشن پر ٹریفک کا مسئلہ حل ہوگا اور آئی ٹی کوریڈور کی جانب سفر کرنے والوں کو راحت ملے گی۔اسٹریٹیجک روڈ ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت تقریباً 182 کروڑ روپیے کی لاگت سے یہ تین سطحی ڈھانچے پر مبنی جدید فلائی اوور تعمیر کیا گیا ہے۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پی جے آر فلائی اوور کے افتتاح سے گچی باؤلی علاقے میں ٹریفک کا مسئلہ حل ہوگا اور اہم ریجنس جیسے کونڈا پور، حفیظ پیٹ، ہائی ٹیک سٹی، فائنانشیل ڈسٹرکٹ اور او آر آر کے بیچ سڑک رابطہ بہتر ہونے کی امید ہے۔

BSNL:

بھارت سنچار نگم لمیٹیڈ، بی ایس این ایل نے جی ایس ایم پریمیم فینسی موبائیل نمبرس کی ای آکشن کے 150 ویں مرحلے کے لانچ کا اعلان کیا ہے۔ یہ آکشن کل سے 7 جولائی 2025ء تک جاری رہے گا۔ ویب پورٹل http://eauction.bsnl.co.in کے ذریعہ آن لائن آکشن منعقد کیا جائے گا۔ صارفین مفت میں رجسٹرڈ کرتے ہوئے بولی کے عمل میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اس آکشن کے ذریعہ صارفین منفرد اور اپنی پسند کے موبائل نمبر حاصل کرسکتے ہیں۔ بی ایس این ایل کی جانب سے جاری کئے گئے ایک بیان کے مطابق آکشن کی مدت کے دوران صارفین ویب پورٹل پر تفصیلات سے آگاہ ہوسکتے ہیں۔

Governor

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے سابق وزیراعظم بھارت رتن پی وی نرسمہا راؤ کے یوم پیدائش کے موقع پر آج راج بھون حیدرآباد میں پی وی نرسمہا راؤ کے پورٹریٹ کی نقاب کشائی کی۔ قد آور لیڈر کو گلہائے عقیدت پیش کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ نرسمہا راؤ نے جدید ہندوستان کی تعمیر کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے۔ گورنر نے نرسمہا راؤ کی دور اندیش قیادت کی ستائش کی اور کہا کہ سابق وزیراعظم نے ملک میں اقتصادی اصلاحات، خارجہ پالیسی اور تعلیمی شعبہ میں غیر معمولی خدمات انجام دی ہیں۔ اس موقع پر گورنر نے اعلان کیا کہ 26 جولائی کارگل وجئے دیوس کے موقع پر راج بھون میں سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کے پورٹریٹ کی نقاب کشائی انجام دی جائے گی۔ اس روز کارگل جنگ میں حصہ لینے والوں کے اعزاز میں ایک تقریب بھی منعقد کی جائے گی۔

Weather

ریاست کے مختلف اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بھاری بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق ریاست کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ آئندہ سات دنوں کے دوران ریاست کے ایکا دوکا مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش یا گرج چمک کا امکان ہے۔

## Seethakka

ریاستی وزیر پنچایت راج ڈاکٹر ڈی اناسویا سیتااکا نے ممنوعہ سی پی آئی ماؤسٹ کے مبینہ مکتوب کو پھیلانے اوراس کے ذریعہ کئے جارہے پروپگنڈہ کی مذمت کی۔ملگوضلع کے ایٹورونگارم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے سیتااکا نے ان کے خلاف نازیبا اور بیہودہ زبان کے استعمال پرشدید برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے سیاسی مفادات کیلئے ایک خاتون وزیرکونشانہ بنانے پرسیاسی مخالفین پرنکتہ چینی کی۔جی او49 کا حوالہ دیتے ہوئے سیتااکا نے واضح کیا کہ قبائلی بہبود کی وزیر نہ ہونے کے باوجودانہوں نے قبائلیوں کے مفادات کے تحفظ کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے ہیں۔سیتااکا نے بی آرایس پران کی ترقی سے بوکھلاہٹ کا شکار ہونے اوران کے خلاف غلط بیانیہ پھیلانے کا الزام لگایا۔

## GIG Workers

ریاستی وزیرمحنت وروزگارویویک وینکٹاسوامی نے کہا کہ حکومت یومیہ مزدوروں کی فلاح وبہبود کیلئے بہترین پالیسی لائے گی۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی مزدوروں سے متعلق پالیسی ملک بھرکیلئے رول ماڈل ہوگی۔سکریٹریٹ میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ مزدوروں کے مفادات کا تحفظ کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ مزدوروں کومختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ راجستھان میں کانگریس حکومت نے اس ضمن میں ایک قانون بنایا تھا، ریاستی حکومت بھی اسی طرز پران ورکروں کیلئے ایک بورڈ تشکیل دے گی۔انہوں نے کہا کہ مجوزہ پالیسی سے تقریباً4لاکھ ورکروں کوفائدہ پہنچے گا۔

## Ratha Yatra

شہرحیدرآباد میں اسکان کی جانب سے آج منعقدہ شری جگناتھ رتھ یاترا میں کثیرتعداد میں شردھالوؤں نے شرکت کی۔این ٹی آراسٹیڈیم سے یاترا کا آغاز ہوااوراشوک نگرایکس روڈ،آرٹی سی ایکس روڈ، نارائن گوڑہ ایکس روڈ سے ہوتے ہوئے نامپلی کے نمائش گراؤنڈ پرشام میں رتھ یاترا کا اختتام ہوا۔اس دوران پولیس کی جانب سے ٹریفک کے رخ کودیگرمقامات پرموڑدیا گیا تھا۔

## TGEAPCET

تلنگانہ اسٹیٹ انجینئرنگ اگریکلچر فارمیسی کامن انٹرنس ٹسٹ 2025ء کی اڈمیشن کمیٹی نے داخلوں کیلئے کونسلنگ شیڈول کا اعلان کیا ہے۔کل سے کونسلنگ شیڈول کا آغاز ہوگا جس میں آن لائن رجسٹریشن، فیس کی ادائیگی اور سلاٹ بکنگ کا آغاز ہوگا۔تلنگانہ اسٹیٹ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن کے چیرمین بالا کستاریڈی اور کمشنر آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اے سری دیوا سینا کی صدارت میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران شیڈول کو منظوری دی گئی۔داخلوں کا پہلا مرحلہ 7 جولائی کو بند ہوگا۔یکم جولائی سے 8 جولائی تک سرٹیفکیٹس کی جانچ کی جائے گی اور 6 جولائی سے 10 جولائی کے درمیان آپشن داخل کئے جاسکتے ہیں۔

## Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر زور دیا کہ وہ کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ پر جھوٹے بیانیہ سے کام لینے کے بجائے موجودہ آبپاشی پراجکٹس کی دیکھ ریکھ پر توجہ مرکوز کریں۔انہوں نے بدانتظامی اور لاپرواہی کے ذریعہ تلنگانہ کے آبپاشی شعبہ کو حاشیہ پر لانے کا کانگریس حکومت پر الزام لگایا۔ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ صرف 18 مہینوں کے اندر اہم آبپاشی ڈھانچوں کی ٹھیک سے دیکھ بھال نہ کئے جانے سے شدید نقصان پہنچا ہے۔اس موقع پر ہریش راؤ نے کھمم کے پداواگو، مانجرا بیارتج ،نلگنڈہ کے سونکی شالہ میں دیوار کے انہدام، محبوب نگر کے وٹم پمپ ہاؤس میں سیلابی صورتحال، ایس ایل بی سی سرنگ کے انہدام اور گدوال میں جورالا پراجکٹ کے گیٹ کیبل میں خامی کا حوالہ دیا۔

## Prez - MSME

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ مائیکرو اسمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزس ایم ایس ایم ای کے مضبوط ایکو سسٹم کی ضرورت ہے۔تاکہ ملک کی پائیدار اقتصادی ترقی ہوسکے۔ صدر جمہوریہ نے نئی دہلی میں بین الاقوامی ایم ایس ایم ای دن کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم ایس ایم ای کو ملک کی معیشت کا مضبوط ستون قرار دیا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ایم ایس ایم ای شعبہ ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کررہا ہے۔ دروپدی مرمو نے کہا کہ یہ شعبہ ملک کی جی ڈی پی میں تقریباً 30 فیصد، مینوفیکچرنگ شعبہ میں 36 فیصد اور برآمدات میں

45 فیصد کا حصہ ادا کر رہا ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ایم ایس ایم ای شعبہ ملک کے دیہی اور پسماندہ علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں زرعی شعبہ کے بعد ایم ایس ایم ای شعبہ روزگار فراہم کرنے کا دوسرا بڑا شعبہ ہے۔

Sound Byte Droupadi Murmu

Athawale

مرکزی وزیر مملکت برائے سماجی انصاف رام داس اتھاولے نے کہا کہ مردم شماری میں ذات پات پر مبنی مواد بھی اکٹھا کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ مختلف گروپس کرسچن بننے والوں کو تحفظات فراہم کرنے کا مطالبہ فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی طور پر پسماندہ طبقات کے زمرے کے تحت دیگر طبقات کے ساتھ عیسائی طبقہ کو بھی پہلے سے ہی تحفظات فراہم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہب کی بنیاد پر تحفظات نہیں دئے جاسکتے۔ کانگریس پارٹی کی جانب سے این ڈی اے حکومت پر تنقید کا تذکرہ کرتے ہوئے رام داس اتھاولے نے کہا کہ کانگریس پارٹی پڑوسی ملک کی حمایت کرتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ حکومت سال 2047ء تک ملک کو ترقی یافتہ اور سبھی کیلئے انصاف کی فراہمی کیلئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے۔

Sound Byte. Athawale

Result

ایس ایس سی پبلک اڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات کے نتائج کا آج اعلان کیا گیا۔ کامیابی کا فیصد 73.35 ریکارڈ کیا گیا۔ لڑکوں کے مقابلہ 3 0 . 6 فیصد زیادہ لڑکیاں کامیاب ہوئی۔ ویب سائٹ www.bse.telangana.gov.in نتائج دیکھے جاسکتے ہیں۔ جنگاؤں کا کامیابی کا تناسب 100 فیصد رہا جبکہ سنگا ریڈی آخری نمبر پر رہا۔